SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS RELEASE

For immediate release
June 22, 2020

## پاکستان سکیورٹیز کمیشنز کی عالمی تنظیم آئیسکو کے بورڈ کا پانچویں بار ممبر منتخب

اسلام آباد(22جون)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان(ایس ای سی پی)ایک بار پھر سکیورٹیز کمیشنز کی عالمی تنظیم،انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف سکیورٹیز کمیشنز(آئیسکو)کے بورڈ کا ممبر منتخب ہوگیاہے۔یہ انتخاب آئیسکو کے بورڈ کی دوسالہ مدت دوہزار بائیس تک کے لئے ہے۔آئیسکو بورڈ کے الیکشن میں یہ ایس ای سی پی کی پانچویں مسلسل کامیابی ہے۔

آئیسکو دنیابھر کی کیپیٹل مارکیٹوں میں ریگولیٹری معیارات کو متعین کرنے اوران کی جانچ پڑتال کرنے والا بین الاقوامی ادارہ ہے جس کے رکن ممالک کی تعداد ایک سو پندرہ ہے اور دنیا کی پچانوے فیصد کیپیٹل مارکیٹ میں آئیسکو کے قوائد وضوابط کا اطلاق کیاجاتاہے۔پاکستان 1998 سے آئیسکو کا ممبر ہے جبکہ پاکستان 2012 سے آئسکو کے بورڈ کا رکن ہے۔بطور بورڈ ممبر، ترقی پزید ممالک کی کیپیٹل مارکیٹوں کے مسائل اور ان کے حل کے لئے تجاویز کو آئیسکو کے بورڈ میں پیش کرنا پاکستان کی ترجیح ہے۔ الیکشن کے فوری بعد نئے بورڈ کا پہلا اجلاس 9جون کو منعقد ہوا جس میں رکن ممالک نے آن لائن شرکت کی۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین عامر خان نے کہا کہ ترقی پزیر ممالک میں سکیورٹیز مارکیٹ کو بہتر، محفوظ اور جدید بنانے میں آئیسکو کا اہم کردار ہے اور آئیسکو بورڈ پر منتخب ہونے کے بعد ایس ای سی پی اہم پلیٹ فارم پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ عامر خان نے کہا کہ پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ مستحکم ہے اور اس میں وسعت کے بہت گنجائش موجود ہے۔پاکستان ایشیاپیسیفک ریجن کی اہم ابھرتی ہوئی مارکیٹ ہے اور اپنی اس خصوصی حیثیت کی بناپر ایس ای سی پی آئیسکو کے بورڈ پر اہم خدمات سرانجام دینے کی پوری اہلیت رکھتاہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005